شرد پروڈکشنز کا

सारंगा

سارنگا

اداکاران

سودیش کمار - جے شری - بی۔ ایم دیاس

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سارنگا کے گانے

گانا نمبر ۱

تم کیتنے سُندر سجن، مدھر تمہارا پیار
چنر تمہارا ہے میرے، سپنوں کا آکار
یہی - یہی جادو بھری میٹھی میٹھی تان
جکو سنکر ڈولتے میرے تن من پران
کس مُرلی نے چھین لی میری صبح اور شام
راتوں کی نیند بھاگی، اور دِن کا گیا آرام

گانا نمبر ۲

ترچھی بگڑی کی نگری کی چال، نام ہمارا بانکے لال
لا لیجئے سارے کا سامان، ہم کر دیتے ہیں کمال
نہ سمجھے کوئی ہمیں قوال
اجی سنگیت کار، ہم گیت کار، ہم ہیں نئی کار
ہم بانکے لال
لیک کر پہنچ گئے سسرال

گانا نمبر ۳

نہ جانے کس لئے بلبل میرا چُھپکے سے روتا ہے
اِدھر آنسو ٹپکتے ہیں، اُدھر دِل ٹکڑے ہوتا ہے
جِس جیون کی سمادھی ہے دو پریمیوں کی پریت
گونج رہا ہے جس سمادھی میں یگ یگ کا سنگیت
یگ یگ سے بہتی ہے جسکے امر پریم کی گنگا

سارنگا تیری یاد میں نین ہوئے بے چین
مدھر تمہارے میل نباں، دن کٹتے نہیں رین
مدھوبن میں مدھو کنج میں جلتی برہا سمیر
باٹ تکوں تیری میں پریہ، جل جمنا کے تیر

گانا نمبر ۴:۔ کوئی گھر آئیگا، پیار جگائیگا
بیچ بیچ کہہ دے تن ہے وہ میرا کون ہے وہ
لے گئی من کیا کہوں میں
آج سکھی تو ہے سکھیاں سجائیں
ہم سے بھی کیوں تیری اکھیاں لجائیں
پیار کی الجھن کیا سمجھائے
دل ہی سے پوچھو ہم کیا بتائیں
اکھیاں ملائیگا بتیاں بنائیگا
کس کے لئے رس کا جر کھولے
کس کے لئے تیری چھیا بجر بولے
کوئی کیوں ہمارا بھید ٹٹولے
پریت کریں وہ کیا مکھ سے بولے

گانا نمبر ۵:۔ پریم پجاری او بھکاری، پران ہماری
راجکماری تو جا سوچا، تو ہے چھبیلی میں ہوں چھبیلا
ارے میں تیرا مجنوں تو میری لیلیٰ
اپنوں کے سپنوں میں کھو جا، سوچا سوچا سوچا
بن ہوں تیرا اور میری بلبل تو بھی میری ہو جا
ارے سوچا سوچا سوچا

گانا نمبر ۶:۔ نہ تو پریتم ہی ملے، نہ تو آتا کال
نا تو مرتے نہ جیتے، ہوا حال بے حال

لاگی تم سے لگن

ساتھی چھوٹے نہ نا طے جنم جنم کا ٹوٹے نا
چاہے قسمت ہم کو ٹھکرائے رے
چاہے دنیا دشمن بن جائے
چاہے سب روٹھیں تو روٹھے نا — لاگی تم سے —
یہ پریت کے ہیں نازک دھاگے
دنیا کی نظر کہیں نہ لاگے
کوئی پیار ہمارا لوٹے نہ — لاگی تم سے —

گانا نمبر ۲

کن گھڑی ہوں میں پریت لگائی سہنی پڑی جدائی
جگ جگ کا وہ پیار بھلا دیں تو ہوئی ہرجائی
جلی رے جیلی رے نین تو دیکھیں پرائے
بھیگی بھیگی پلکوں میں پیار چھپائے — جلی رے —
جلائے تھے جو دیپ اب تو بجھا دو
میرے پیار کا ہر نشان تک مٹا دو
سپنا ہی سمجھو جو سپنے سجائے — جلی رے —
ہوئیں آج جھوٹی وہ آپس کی قسمیں
کریں ہائے کیا ہم جو قسمت نہ بس میں
لکھا بھاگیہ میں جو مٹے نا مٹائے — جلی رے —

گانا نمبر ۳

چندر بدن مرگ لوچنی، مدماتی ہریہ نار
تجھ بن کل اک پل نہیں جینا ہے دشوار
ساجن کا تیری یاد میں نین ہوئے بے چین
مدھر تمہارے ملن بنا دن کٹتے نہیں رین

وہ امبوا کا جھولنا وہ بلبل کی چھاؤں
گھونگھٹ میں جب چاند تھا مہندی لگی تھی پاؤں
آج اجڑ کے رہ گیا وہ سکھیوں کا گاؤں
سانورنگا تیری یاد ــــــ

سنگ تمہارے دو گھڑی، بیت گئے جو پل
جل بھر کے میرے نین آج ہوئے او جھل
سکھ بیکے دکھ دے گئی دو انکھیاں چنچل ــ سانورنگا ــ

گانا نمبر ۹

پگ پگ پر پربت کھڑے قدم قدم دیوار
کیسے ترپوں منجدھار میں تم سات سمندر پار
جل میں بسے کمودنی چندا بسے آکاش
جو جاکے من بھاوتا وہ اس کے ہی پاس
ساجن یہ مت جانیو تو بچھڑے موہے چین
جیسے جل بن ماچھلی تڑپت ہوں دن رین
پنچھی ٹوٹا ڈار سے لے گئی پون اڑا
اب کے بچھڑے کب ملیں دور پڑے ہیں جائے
پیا کیسے ملوں تجھ سے میرے پاؤں پڑی زنجیر
ہردیہ میں اگن سلگے نین سے برسے نیر
دنیا سے کیا شکوہ میری روٹھ گئی تقدیر
لاکھ جتن کر ہار گیا سو جھے نہ کوئی تدبیر
کیسے دور کروں یہ دوری سمجھ نہیں میں پائی
پنجرے میں بن کی چڑیا پنکھ لگا اڑ جاتی
اڑنے لگی تھی اڑ نہ سکی قسمت نے مارا تیر
پیا کیسے ملوں ــــــ

پھول ملے کم کانٹے زیادہ بیج یہ کیسا بویا
مالک تیرے جگ میں جس نے پیار کیا وہ رویا
آنسو کے رنگ میں رنگ ڈالی پیار کی یہ تصویر

گانا نمبر ۱۰

سارنگا ہاں نا مجھے سدا ہر کسی کی پیاس
ایک جھلک دکھلا دے مٹے ہر دیپ کی آس
ہاں دیوانہ ہوں میں، ہاں دیوانہ ہوں میں
غم کا مارا ہوا، اک بیگانہ ہوں — ہاں دیوانہ ——
مانگی خوشیاں مگر غم ملا پیار میں
درد ہی بھر دیا دل کے ہر تار میں
ہائے تیر نظر کا نشانہ ہوں میں — ہاں دیوانہ ——
ہیں کسی کا نہیں کوئی میرا نہیں
اس جہاں میں کہیں بھی بسیرا نہیں
میرے دل سا کہیں بھی اندھیرا نہیں
میری اس شام کا ہے سویرا نہیں
ہائے بھولا ہوا اک فسانہ ہوں میں — ہاں دیوانہ ۔۔

گانا نمبر ۱۱

پیا رے دغا باز ایک کنہیا، آکے چمیلی کی چھاؤں میں
چھپ رہے کے چھپا کے نیناں ملائے رے
کانٹا چبھا کے گیا پاؤں میں
میں البیلی نار نویلی، بیٹھی اکیلی ہائے
جھوٹے گھونگھٹ کے پاٹ میں
ایک روپ کا دیپ جلائے
کوئی رجھائے کے بانہیں بنائے کے پریت کی آگ لگائے

رستے میں چھوڑ گئے ہمیں چھلا کے تو نے دل کو جگا کے
جھانجر کی جھنکار پکار رہے ، او نرموہی آجا
پیار کے تار دیئے الجھائے ، اب بیدردی سلجھا جا
لمبی لمبی رات کٹے نا بیری جیندا گھٹے نا
لاکھ جتن کر ہاری سکھی تیرا دھیان بٹے نا

گانا نمبر ۱۲

ماں تیری ممتا گئی ، گیا پتا کا پیار
دنیا دشمن بن گئی ، میں تو ہوئی لاچار
اپنے ہی گھر میں ہوا ، اپنوں ہی پر وار
روئے تیری لاڈلی کس سے کرے پکار
لکھ دے پیا کا نام سکھی ری لکھ دے پیا کا نام
لکھ دے رادھا کے انگ انگ پر
لکھ دے شیام ہی شیام

ختم شد

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجیے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات۔ نیز بڑا ہوٹ بننے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔ قیمت صرف ۱/۱۰ محصول ڈاک معاف

[illegible]

پُر اسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	فو منچو کا سایہ	4/-/-
ایضاً حصہ دوم	1/4/-	فو منچو کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر فو منچو	3/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر فو منچو کا انتقام	3/-/-
خونی پٹان	1/-/-	جنتی فرشتہ	1/4/-
ڈاکو شمشاد	1/-/	جادوگر جاسوس	1/4/-
خونی شہزادہ	1/-/	جادوگر حسینہ	1/4/-
بہادر لفٹنٹ	1/8/-	موت کا مینار	1/4/-
سمندری ڈاکو	1/-/-	دو لاشیں	-/12/-
باپ کا قاتل	1/-/-	خونی کھنڈر	-/12/-
خونی چھتری	1/-/-	سراغرساں	-/12/-
تین ڈاکو	1/-/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا پرزہ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی